# URDU

## Paper – III

نوٹ : یہ پرچہ پچھتر **(75)** معروضی سوالات پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لئے دو **(2)** نشانات مختص ہیں۔ تمام سوالات لازمی ہیں۔

**1.** کس کی شاعری کو دل اور دلی کا مرثیہ کہا گیا ہے ؟

(A) غالب

(B) میر

(C) مومن

(D) اقبال

**2.** ''رجز'' کس صنفِ شاعری کا جزو ہے ؟

(A) قصیدہ

(B) مثنوی

(C) مرثیہ

(D) شہر آشوب

**3.** کون سا کردار ڈراما '' انارکلی '' میں شامل نہیں ہے ؟

(A) انارکلی

(B) سلیم

(C) بختیار

(D) فیضو

**4.** '' سنگ وخشت '' کا تعلق کس صنف ادب سے ہے ؟

(A) انشائیہ

(B) شاعری

(C) افسانہ

(D) ڈراما

**5.** '' پورن اور آشا '' کس ناول کے ہیرو اور ہیروئن ہیں ؟

(A) ٹیڑھی لکیر

(B) گریز

(C) جب کھیت جاگے

(D) ضدی

**6.** اقبال کے مجموعہ کلام ارمغان حجاز کی آخری نظم کونسی ہے ؟

(A) بڈھے بلوچ کی نصیحت بیٹے کو

(B) حضرت انساں

(C) صدائے غائب

(D) ابلیس

**7.** جذبی کی وہ نظم کونسی ہے جس کا اصل موضوع زندگی ہے ؟

(A) دعوت جنگ

(B) موت

(C) آزار

(D) طوائف

**8.** ’’ترقی پسند ادب‘‘ اور ’’اقبال نئی تشکیل‘‘ کس ناول نگار کی تنقیدی کتابیں ہیں ؟

(A) قرۃ العین حیدر

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) سجاد ظہیر

(D) عزیز احمد

**9.** شعر کو مکمل کیجیے۔

دیکھ تو دل کہ جاں سے اٹھتا ہے

یہ دھواں سا __________ اٹھتا ہے

(A) یہاں سے

(B) وہاں سے

(C) جہاں سے

(D) کہاں سے

**10.** تحریک آزادی میں کس اردو ادیب نے بڑھ چڑھ کر حصہ لیا ؟

(A) سید سلیمان ندوی

(B) عبد الماجد دریابادی

(C) محمد حسین آزاد

(D) مولانا ابو الکلام آزاد

**11.** کونسا بیان درست ہے ؟

(A) اردو کی پہلی مثنوی ’’قطب مشتری‘‘ ہے

(B) ’’امراؤ جان ادا‘‘ اردو کا پہلا ناول ہے

(C) ’’نکات الشعراء‘‘ اردو کا پہلا تذکرہ ہے

(D) دکنی اردو کی پہلی نثری کتاب ’’کربل کتھا‘‘ ہے

**12.** اس میں سے کس بولی کا تعلق مغربی ہندی سے نہیں ہے ؟

(A) کھڑی بولی

(B) قنوجی

(C) پالی

(D) ہریانوی

**13.** درج ذیل شعراء میں موضوعات کا تنوع کس کے ہاں زیادہ ہے ؟

(A) میر تقی میر

(B) نظیر اکبر آبادی

(C) انشاء اللہ خاں انشا

(D) جرأت

**14.** ان میں سے کون صرف محقق کی حیثیت سے مشہور ہے ؟

(A) گوپی چند نارنگ

(B) شمس الرحمٰن فاروقی

(C) قاضی عبد الودود

(D) کلیم الدین احمد

**15.** رات بھر دیدۂ نمناک میں لہراتے رہے
سانس کی طرح سے آپ آتے رہے جاتے رہے
یہ شعر مخدوم محی الدین کی کس نظم سے ماخوذ ہے ؟

(A) انتظار

(B) طور

(C) محبت کی چھاؤں

(D) سجدہ

**16.** فیض احمد فیض کے کل کتنے شعری مجموعے ہیں ؟

(A) پانچ

(B) سات

(C) آٹھ

(D) دس

**17.** "پرواز" کس کا شعری مجموعہ ہے ؟

(A) سردار جعفری

(B) جوش

(C) جذبی

(D) مجاز

**18.** تذکرہ "گلشن ہند" کا سنہ تصنیف کیا ہے ؟

(A) 1800ء

(B) 1801ء

(C) 1808ء

(D) 1809ء

**19.** "جذبی" کے پہلے شعری مجموعہ کا نام کیا ہے ؟

(A) سخنِ مختصر

(B) جرس

(C) صبح بہار

(D) فروزاں

**20.** ان میں سے کس شاعر کے مجموعہ کلام کا نام "غزل" ہے ؟

(A) یگانہ

(B) مجروح

(C) جذبی

(D) خلیل الرحمن اعظمی

**21.** اکبر الہ آبادی کا انتقال کس سنہ میں ہوا ؟

(A) 1921ء

(B) 1922ء

(C) 1923ء

(D) 1924ء

**22.** ذیل کے کس شاعر نے اپنی سوانح عمری قلمبند کی ہے ؟

(A) حسرت

(B) مومن

(C) غالب

(D) میر

**23.** "سی پارۂ دل" کس کے انشائیوں کا مجموعہ ہے ؟

(A) خواجہ حسن نظامی

(B) مولانا حالی

(C) احمد شاہ بخاری پطرس

(D) شوکت تھانوی

**24.** عبدل بیجاپوری ذیل کی کس مثنوی کا شاعر ہے ؟

(A) قصہ بے نظیر

(B) جنت سنگھار

(C) یوسف زلیخا

(D) ابراہیم نامہ

**25.** اُردو میں رثائی ادب کا پہلا نمونہ کس مثنوی میں ملتا ہے ؟

(A) وفات نامہ

(B) نو سرہار

(C) جنگ نامہ

(D) علی نامہ

**26.** "سورداس" پریم چند کے کس ناول کا کردار ہے ؟

(A) گوشۂ عافیت

(B) میدان عمل

(C) چوگان ہستی

(D) پردۂ مجاز

**27.** یہ شعر کس کا ہے ؟

تمام رات چلی ہے تمام رات چلے
الٰہی ختم نہ ہو یار غمگسار کی بات

(A) مخدوم

(B) جوش

(C) مجروح

(D) فیض

**28.** دراوڑی زبانوں کا مرکز کون سا علاقہ ہے ؟

(A) دوآبہ

(B) پنجاب

(C) سندھ

(D) جنوبی ہند

**29.** پراچیہ کس علاقے کی بولی قرار دی گئی ؟

(A) سندھ

(B) الہ آباد

(C) گجرات

(D) دکن

**30.** پراکرتوں کے دور کو کون سے ہند آریائی دور سے تعبیر کیا جاتا ہے ؟

(A) قدیم ہند آریائی

(B) وسطی ہند آریائی

(C) جدید ہند آریائی

(D) متاخر ہند آریائی

**31.** دکن میں سب سے زیادہ کس شعری صنف کو فروغ ہوا ؟

(A) مرثیہ

(B) قصیدہ

(C) مثنوی

(D) غزل

**32.** ذیل میں کونسی جوڑی درست ہے ؟

(A) محمود شیرانی ___ ریاست میسور میں اردو کی نشو و نما

(B) آل احمد سرور ___ تنقید کیا ہے

(C) مسعود حسین خاں ___ ہندوستانی لسانیات

(D) محی الدین قادری زورؔ ___ دکن میں اردو

**33.** ذیل میں کونسا جوڑ درست نہیں ہے ؟

(A) قومی شاعری ___ چکبست

(B) ملی شاعری ___ اقبال

(C) عوامی شاعری ___ نظیر

(D) انقلابی شاعری ___ میرا جی

**34.** سرورؔ جہاں آبادی کا انتقال کب ہوا ؟

(A) 1905 ء

(B) 1910 ء

(C) 1915 ء

(D) 1920 ء

**35.** " اعتبارِ نظر " کا مصنف کون ہے ؟

(A) آل احمد سرور

(B) احتشام حسین

(C) گوپی چند نارنگ

(D) محمد حسن

**36.** ان میں سے کونسی کتاب شمس الرحمن فاروقی کی نہیں ہے ؟

(A) لفظ و معنی

(B) تنقیدی افکار

(C) ادبی تنقید

(D) عروض ، آہنگ اور بیان

**37.** " ایوانِ غزل " کا تعلق ادب کی کس صنف سے ہے ؟

(A) شاعری

(B) افسانہ

(C) ڈراما

(D) ناول

**38.** ان میں سے کونسی کتاب احتشام حسین کی نہیں ہے ؟

(A) ادبی سماجیات

(B) ادب اور سماج

(C) روایت اور بغاوت

(D) عکس اور آئینے

39. مضمون "اقبال کی شاعری کا صوتیاتی نظام" کا مصنف کون ہے ؟

(A) شمس الرحمن فاروقی

(B) وزیر آغا

(C) محمد حسن

(D) گوپی چند نارنگ

40. شبلی نے اس جہانِ فانی سے کب کوچ کیا؟

(A) 1912 ء

(B) 1914 ء

(C) 1916 ء

(D) 1910 ء

41. ذیل میں کونسی جوڑی درست نہیں ہے ؟

(A) یادوں کی بارات = خود نوشت

(B) ساختیات - پس ساختیات اور مشرقی شعریات = تنقید

(C) چوتھی کا جوڑا = ناولٹ

(D) ہاؤسنگ سوسائٹی = افسانہ

42. ان میں سے کون مارکسی نقاد نہیں ہے ؟

(A) کلیم الدین احمد

(B) سجاد ظہیر

(C) محمد حسن

(D) احتشام حسین

43. "موازنہ انیس و دبیر" کس قسم کی تنقید کا اچھا نمونہ ہے ؟

(A) تاثراتی

(B) جمالیاتی

(C) تاریخی

(D) تقابلی

44. سر سید احمد خان کا سنہ وفات کیا ہے ؟

(A) 1890 ء

(B) 1894 ء

(C) 1896 ء

(D) 1898 ء

45. شاعری میں مومن کو کس سے تلمذ حاصل تھا؟

(A) میر تقی میر

(B) شاہ نصیر

(C) سودا

(D) درد

46. "اردو شاعری پر ایک نظر" کا مصنف کون ہے ؟

(A) مولانا حالی

(B) شبلی نعمانی

(C) کلیم الدین احمد

(D) آل احمد سرور

47. سراج کو شاعری ترک کرنے کا حکم کس نے دیا تھا؟

(A) استاد

(B) والد

(C) مرشد

(D) درویش

48. گذر مرا ترے کوچے میں گو نہیں نہ سہی

مرے خیال میں تو لاکھ بار گذرے ہے

یہ کس کا شعر ہے ؟

(A) میر

(B) درد

(C) سودا

(D) غالب

49. نعتیہ قصیدہ گو کی حیثیت سے کس شاعر کو زیادہ شہرت حاصل ہوئی ؟

(A) غالب

(B) مومن

(C) امیر مینائی

(D) محسن کاکوروی

50. مرزا شوق لکھنوی کا اصل نام کیا ہے ؟

(A) تصدق حسین

(B) اعجاز حسین

(C) یوسف حسین

(D) غلام حسین

51. ان میں سری کرشن پر سب سے زیادہ نظمیں کس نے لکھیں ؟

(A) اقبال

(B) فراق

(C) نظیر اکبر آبادی

(D) چکبست

52. ذیل کے کس شاعر نے اردو شاعری کا رشتہ دل کی دنیا سے ہٹ کر دماغ کی دنیا سے استوار کیا؟

(A) میر تقی میر

(B) خواجہ میر درد

(C) مرزا غالب

(D) ناسخ

53. دیئے گئے کوڈ میں نشاندہی کیجئے کہ ذیل کے کن عناصر کا تعلق " جدیدیت " سے ہے ؟

(1) وجودیت

(2) مزدوروں کی حمایت

(3) حقیقت نگاری

(4) ابہام

کوڈ :

(A) پہلا اور تیسرا

(B) دوسرا اور تیسرا

(C) پہلا اور چوتھا

(D) تیسرا اور چوتھا

**54.** ذیل کے کس افسانہ نگار کے ہاں "تقسیم ہند" سے متعلق افسانے نہیں ملتے ؟

(A) منٹو

(B) عصمت

(C) بیدی

(D) پریم چند

**55.** محمد حسین آزاد نے کب وفات پائی ؟

(A) 1909ء

(B) 1910ء

(C) 1911ء

(D) 1912ء

**56.** "شبیر" کس شاعر کا ابتدائی تخلص تھا؟

(A) ساحر لدھیانوی

(B) حسرت موہانی

(C) جوش ملیح آبادی

(D) یگانہ چنگیزی

**57.** اشتر و سوزن اور عیارستان کو کس محقق نے ترتیب دیا ؟

(A) قاضی عبد الودود

(B) امتیاز علی عرشی

(C) رشید حسن خاں

(D) مسعود حسین خاں

**58.** پراکرت کا پہلا ادبی روپ کیا ہے ؟

(A) شورسینی

(B) ماگدھی

(C) پالی

(D) مہاراشٹری

**59.** ان میں سعادت حسن منٹو کا افسانہ کونسا ہے ؟

(A) اوور کوٹ

(B) بگولے

(C) حمام میں

(D) موذیل

**60.** "پریم پچیسی" کس صنف کا مجموعہ ہے ؟

(A) شاعری

(B) ڈراما

(C) افسانہ

(D) انشائیہ

**61.** سید فضل الحسن کس شاعر کا اصل نام ہے ؟

(A) حسرت

(B) نظم طباطبائی

(C) شاد

(D) اصغر

62. صبیب تنویر نے ڈراما ''آگرہ بازار'' میں کس شاعر کو مرکزی کردار بنایا ہے ؟

(A) مرزا غالب

(B) بہادر شاہ ظفر

(C) میر تقی میر

(D) نظیر اکبر آبادی

63. '' امید کی خوشی ''،کس ادیب کا مشہور مضمون ہے ؟

(A) محمد حسین آزاد

(B) سر سید احمد خاں

(C) شبلی نعمانی

(D) رشید احمد صدیقی

64. ذیل کے کس مزاح نگار کے مضامین کا صرف ایک ہی مجموعہ شائع ہوا ؟

(A) مشتاق احمد یوسفی

(B) مجتبی حسین

(C) مرزا فرحت اللہ بیگ

(D) احمد شاہ بخاری پطرس

65. یہ شعر کس کا ہے ؟

اک معمہ ہے سمجھنے کا نہ سمجھانے کا
زندگی کا ہے کو ہے خواب ہے دیوانے کا

(A) میر تقی میر

(B) شوکت علی خاں فانی

(C) خواجہ میر درد

(D) اصغر حسین اصغر

66. ذیل کے کس دبستانِ تنقید میں حسن اور حسن آفرینی کے طریقہ کار کے تجزیے پر زور دیا جاتا ہے ؟

(A) جمالیاتی

(B) سائنٹفک

(C) نفسیاتی

(D) تاثراتی

67. کس مفکر کا خیال تھا کہ ایک مثالی مملکت میں شاعروں کے لیے کوئی جگہ نہیں ہے ؟

(A) ارسطو

(B) افلاطون

(C) لان جائی نس

(D) کارل مارکس

68. ذیل کی کس مثنوی کو "طبع زاد مثنوی" کہا جا سکتا ہے ؟
(A) کدم راؤ پدم راؤ
(B) پھوگ بل
(C) مینا ستونتی
(D) قطب مشتری

69. دل سے جو بات نکلتی ہے اثر رکھتی ہے
پر نہیں طاقتِ پرواز مگر رکھتی ہے
مندرجہ بالا شعر اقبال کی کس نظم کا پہلا شعر ہے ؟
(A) ساقی نامہ
(B) شکوہ
(C) جوابِ شکوہ
(D) خضرِ راہ

70. کس مثنوی کو دکنی کا " شاہ نامہ " کہا گیا ہے ؟
(A) خاور نامہ
(B) علی نامہ
(C) ابراہیم نامہ
(D) خوش نامہ

71. کرشن چندر کا پہلا افسانہ کونسا ہے ؟
(A) غالیچہ
(B) گرجن کی ایک شام
(C) آدھے گھنٹے کا خدا
(D) یرقان

72. افسانہ " سوا سیر گیہوں " کا مصنف کون ہے ؟
(A) خواجہ احمد عباس
(B) پریم چند
(C) عصمت چغتائی
(D) کرشن چندر

73. مضمون " مرید پور کا پیر " اور " میں ایک میاں " کا مصنف کون ہے ؟
(A) رشید احمد صدیقی
(B) کنہیا لال کپور
(C) پطرس بخاری
(D) مرزا فرحت اللہ بیگ

74. " رقص " اور " انتقام " کس شاعر کی مشہور نظمیں ہیں ؟
(A) مخدوم محی الدین
(B) میرا جی
(C) اختر الایمان
(D) ن۔ م۔ راشد

75. فانی کا ابتدائی تخلص کیا تھا ؟
(A) شوکت
(B) نظر
(C) اثر
(D) رواں

Space for Rough Work